# وزیر اعظم کی قیادت میں یوگا کا 9واں سالانہ عالمی دن

21جون 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 21 جون 2023 کو یوگا کے 9ویں سالانہ عالمی دن کی تقریبات کی قیادت نیویارک شہر میں اقوام متحدہ کے صدر دفتر کے مشہور نارتھ لان میں کی۔

2۔ اس سال کا تھیم ہے ’واسودھیوا کٹمبکم کے لیے یوگا‘۔ "واسودھیوا کٹمبکم" یا "ایک زمین ۰ ایک خاندان ۰ ایک مستقبل"۔

3۔ اس تقریب میں 135 سے زیادہ قومیتوں کے ہزاروں یوگا کے شوقین افراد کی جانب سے زبردست ردعمل کا مشاہدہ کیا گیا، جس نے یوگا سیشن میں زیادہ سے زیادہ قومیتوں کی شرکت کے لیے گنیز ورلڈ ریکارڈ قائم کیا۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل مسٹر انتونیو گوٹیرس کا ایک ویڈیو پیغام بھی چلایا گیا۔

4۔ اس تقریب میں زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والی کئی قابل ذکر شخصیات اور ممتاز شخصیات نے شرکت کی جس میں سفارت کار، عہدیدار، ماہرین تعلیم، صحت سے وابستہ پیشہ ور افراد، ٹیکنوکریٹس، صنعت کے لیڈران، میڈیا کی اہم شخصیات، فنکار، روحانی رہنما اور یوگا پریکٹیشنرز کے علاوہ اقوام متحدہ کی 77ویں جنرل اسمبلی کے صدر جناب کاسابا کوروسی؛ نیویارک شہر کے میئر جناب ایرک ایڈمز ؛ اقوام متحدہ کی ڈپٹی سیکرٹری جنرل اور اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی گروپ کی چیئر محترمہ آمنہ جے محمد شامل تھیں۔

5۔ یوگا سیشن سے پہلے، وزیر اعظم نے مہاتما گاندھی کے مجسمے پر پھول چڑھائے، جس کا افتتاح دسمبر 2022 میں، ہندوستان کی یو این ایس سی کی صدارت کے دوران ہوا تھا۔ اس کے بعد وزیر اعظم نے شمالی لان میں بھی ایک پیس کیپنگ میموریل پر اپنی تعزیت پیش کی۔

**نیویارک**
**جون 2023 21**